ہفتہ وار رسالہ: 310
WEEKLY BOOKLET: 310


امیرِ اہلِ سنت حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطار قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ

کے مختلف فرامین کا مجموعہ

# امیرِ اہلِ سنت کے 130 ارشادات

(قسط:04)

صفحات 14



پیشکش:
المدینۃ العلمیہ (دعوتِ اسلامی)
Islamic Research Center

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ ط
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ط

# امیرِ اہلِ سنّت کے 130 ارشادات

**دُعائے خلیفۂ امیرِ اہلِ سنّت:** یاربَّ المصطفٰے! جو کوئی 14 صفحات کا رسالہ "امیرِ اہلِ سنّت کے 130 ارشادات" پڑھ یا سُن لے اسے عاملِ سنت اور شریعتِ مُطہّرہ کا پابند بنا اور اسے بے حساب بخش دے۔ اٰمِین بِجاہِ خَاتَمِ النَّبِیّین صَلَّی اللہ علیہِ واٰلہٖ وَسَلَّم

## دُرود شریف کی فضیلت

حضرتِ ابوہُریرہ رضی اللہُ عنہ سے روایت ہے کہ حضور تاجدارِ مدینہ صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کا فرمانِ رُوح پَرْوَر ہے کہ جس نے مجھ پر ایک مرتبہ دُرود پاک پڑھا اللہ پاک اُس پر دس رحمتیں نازِل فرمائے گا۔ (مسلم، ص172، حدیث:912)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ❀❀❀ صَلَّی اللّٰہُ علٰی مُحَمَّد

## بزرگوں کی باتیں

فارسی کی مشہور کہاوت ہے "صُحْبَتِ صَالِح تُرَا صَالِح کُنَد صُحْبَتِ طَالِح تُرَا طَالِح کُنَد" (یعنی اچھے آدمی کی صحبت تجھے اچھا بنادے گی اور بُرے کی صحبت تجھے برا بنادے گی) یہ ایک حقیقت ہے کہ صحبت چاہے اچھی ہو یا بُری اپنا اثر ضرور رکھتی ہے، لہٰذا جو شخص نیک بندوں کی صحبت میں رہتا ہے اُس کا دل نیکی کی طرف مائل ہوتا ہے اور جو بُرے لوگوں کی صحبت میں رہتا ہے اُس کا دل بُرائی کی طرف مائل ہوتا ہے۔ یاد رکھیے! اللہ پاک کے نیک بندوں کی مجلس میں بیٹھنا، ان کا دیدار کرنا اور ان کی حکمت بھری باتوں پر عمل کرنا دونوں جہاں میں کامیابی کا ذریعہ ہے۔ نیز بُزُرگانِ دِین کی زبان سے نکلے ہوئے الفاظ اور ان کی



www.dawateislami.net

تحریر بھی یہی اثر رکھتی ہے۔ اگر کوئی شخص نیک بندوں کی بارگاہ میں حاضر نہیں ہو سکتا تو وہ ان کے ارشادات پڑھ کر بھی فیض حاصل کر سکتا ہے۔ امیرِ اہلِ سنّت دامت بَرَکاتُہمُ العالیہ کا شمار بھی اللہ پاک کے ایسے بندوں میں ہوتا ہے جن کی حکمت بھری گفتگو سن کر نہ صرف معاشرے کے بہت سے بگڑے ہوئے لوگوں کی اصلاح ہو جاتی ہے بلکہ وہ دوسروں کی اصلاح کرنے والے بھی بن جاتے ہیں۔ آیئے! مختلف موضوعات پر آپ کے فرامین پڑھئے اور اپنی اصلاح کا سامان کیجئے۔

## امیرِ اہلِ سنّت دامت بَرَکاتُہمُ العالیہ کے ارشادات

﴿1﴾ ایک طرف کی بات سُن کر رائے قائم نہیں کرنی چاہئے۔

(17 رمضان المبارک 1436ھ، 4 جولائی 2015 بعد تراویح)

﴿2﴾ والدین اپنی حافظ اولاد کو روزانہ قرآنِ پاک پڑھنے کی ترغیب دلاتے رہیں تاکہ اُن کا حفظِ قرآن باقی رہے۔ (19 ربیع الآخر 1436ھ 8 فروری 2015)

﴿3﴾ تمام حافظِ قرآن روزانہ ایک مَنزِل قرآنِ پاک پڑھنے کی کوشش فرمائیں۔

(19 ربیع الآخر 1436ھ 8 فروری 2015)

﴿4﴾ بِلاضرورت اپنا نگران، اُستاد یا عالِم ہونا نہ بتایا جائے۔

(23 ربیع الآخر 1436ھ 12 فروری 2015)

﴿5﴾ اگر ڈاکٹر صدقِ نیت اور اخلاص کے ساتھ مریض کا علاج کرے اور اُس کے ساتھ ہمدردی کرے تو روزی میں برکت بھی ہو گی اور آخرت میں اِس کا ثواب بھی ملے گا۔

(19 ربیع الآخر 1436ھ 8 فروری 2015)

﴿6﴾ ڈاکٹروں کو مریضوں کے شرعی مسائل میں بالکل دخل اندازی نہیں کرنی چاہئے



www.dawateislami.net

بلکہ مفتیانِ کرام کی طرف بھیج دیا کریں یا دارُ الافتاء اہلِ سنّت کا نمبر دے دیں۔

(19 ربیع الآخر 1436ھ 8 فروری 2015)

﴿7﴾ اگر کسی مریض کا علاج ڈاکٹر کو نہ آتا ہو تو بِلا شرم و جھجک کہہ دیں کہ آپ کا علاج مجھے معلوم نہیں، اِس طرح لوگوں کی نظر میں آپ کی قدر بڑھے گی۔

(2 جمادی الاولیٰ 1436ھ 21 فروری 2015 خصوصی)

﴿8﴾ خوفِ خدا رکھنے والے ماہر ڈاکٹر یا حکیم کو فیملی طبیب بنایا جائے۔

(10 رمضان 1436 بمطابق 27 جون 2015 بعد عشا)

﴿9﴾ ڈاکٹروں کو چاہئے کہ ساداتِ کرام اور غریبوں کی ہمدردی کیلئے ماہانہ بجٹ بنائیں اور مفت علاج و ادویات کی ترکیب کریں اور دعائیں لیں۔

(10 رمضان 1436 بمطابق 27 جون 2015 بعد عشا)

﴿10﴾ مریضوں کی تعداد میں اضافے پر ڈاکٹر اپنے دل کی کیفیت پر غور کرے کہ اپنے مسلمان بھائی کی بیماری پر مجھے خوشی تو نہیں ہو رہی؟ اگر ایسا ہو تو اِستغفار کرے۔

(10 رمضان 1436 بمطابق 27 جون 2015 بعد عشا)

﴿11﴾ آپریشن کرنے اور کروانے میں ایسا وقت رکھنا چاہئے، جس میں کوئی نماز کا وقت نہ آتا ہو۔ (19 ربیع الآخر 1436ھ 8 فروری 2015)

﴿12﴾ ”دُرودِ تُنَجِّیْنَا“ حاجتوں کے پورا ہونے کے لئے مُجرَّب ہے۔

(19 ربیع الآخر 1436ھ 8 فروری 2015)

﴿13﴾ اخبار اور میڈیا والوں کو اسلام سے نفرت دِلانے والا کوئی کام نہیں کرنا چاہئے۔

(19 ربیع الآخر 1436ھ 8 فروری 2015)

﴿14﴾ بے جا جذباتیت (انسان کو) پھنسا دیتی ہے۔ (18 ربیع الآخر 1436ھ 7 فروری 2015 خصوصی)

﴿15﴾ سمجھانے والے پر غصّہ نہیں کرنا چاہئے ورنہ آپ اپنے اُوپر اِصلاح کا دروازہ بند



www.dawateislami.net

کر دیں گے۔(23ربیع الآخر1436ھ 12فروری2015)

﴿16﴾ صِرف دَرْسِ نِظامی کے نِصاب سے عالمِ دین بننا مُشکل ہے، اس کیلئے مزید اسلامی کتب کا مطالعہ ضَروری ہے۔(23ربیع الآخر1436ھ 12فروری2015)

﴿17﴾ اپنے منہ سے اپنے لئے بڑائی کے الفاظ نہ بولے جائیں۔
(23ربیع الآخر1436ھ 12فروری2015)

﴿18﴾ عقلمند آخرت کو ترجیح دیتا ہے اور اس کی بَرَکات دنیا میں بھی پاتا ہے۔
(24ربیع الآخر1436ھ 13فروری2015)

﴿19﴾ خاموشی وہ اچھی ہے جو غفلت بھری نہ ہو۔(10شوال1436 مطابق26جولائی2015)

﴿20﴾ بُری صحبت، ایمان کے لئے زہرِ قاتل ہے۔(25رمضان1436 بمطابق12جولائی2015بعد عشا)

﴿21﴾ کم گو اور نیچی نظر رکھنے والے سنّتوں کے پیکر اسلامی بھائی، مجھے اچھے لگتے ہیں۔
(24ربیع الآخر1436ھ 13فروری 2015خصوصی)

﴿22﴾ بچوں کی جتنی فرمائشیں پوری کریں گے اُتنی بڑھتی جائیں گی، شروع ہی سے کنٹرول کرنا چاہئے۔(24ربیع الآخر1436ھ 13فروری 2015خصوصی)

﴿23﴾ جو کام نَرْمی سے ہوتا ہے وہ گرمی سے نہیں ہوتا۔
(24ربیع الآخر1436ھ 13فروری 2015خصوصی)

﴿24﴾ آپ چاہے جتنے بڑے نگران ہوں مگر اپنے ماتحت سے نَرْمی و محبت سے کام لیں۔
(24ربیع الآخر1436ھ 13فروری 2015خصوصی)

﴿25﴾ اس تصوّر کو اپنے دل و دماغ میں جمایئے کہ اللہ مجھے دیکھ رہا ہے۔
(25ربیع الآخر1436ھ 16فروری2015)

﴿26﴾ سنجیدگی اَپنایئے مگر یاد رکھئے مُسکرانا سنجیدگی کے خلاف نہیں۔
(فرسٹ جمادی الاولیٰ1436ھ 20فروری2015)



www.dawateislami.net

﴿27﴾ ایک گناہِ صغیرہ بھی جہنم میں جانے کا سبب بن سکتا ہے۔
(فرسٹ جمادی الاولیٰ 1436ھ 20 فروری 2015)

﴿28﴾ ماتحت سے غلطی ہو جانے پر جھاڑنے، ڈانٹنے کے بجائے پیار محبت سے سمجھائیں۔
(فرسٹ جمادی الاولیٰ 1436ھ 20 فروری 2015)

﴿29﴾ بچوں کو "ٹاٹا" نہ سِکھایئے بلکہ فِی اَمانِ اللہ، خُدا حافظ یا السلام علیکم یاد کروایئے۔
(فرسٹ جمادی الاولیٰ 1436ھ 20 فروری 2015)

﴿30﴾ جو چیز بزرگوں سے مَنْسوب ہو جائے، اس کا ادب کرنا کارِ ثواب (ثواب کا کام) ہے۔
(فرسٹ جمادی الاولیٰ 1436ھ 20 فروری 2015 خصوصی)

﴿31﴾ علمِ دین حاصل کرنا اوراد و وَظائِف پڑھنے سے افضل ہے۔
(7 جمادی الاولیٰ 1436ھ 26 فروری 2015)

﴿32﴾ لوگ ایسے شخص سے دُور بھاگتے ہیں جو زبان دراز ہو، بداَخلاق ہو، کپڑے صاف نہ رکھتا ہو لین دین کے معاملات درست نہ ہوں مثلاً اُدھار واپس نہ کرتا ہو، اس کے جسم یا کپڑوں سے بدبُو آتی ہو وغیرہ وغیرہ۔ (23 شوال 1436 مطابق 18 اگست 2015)

﴿33﴾ عملیات کا شعبہ بہت نازک ہے، اِس میں حُبِّ جاہ (شہرت و مرتبے کی محبت) سے بچنا بہت مشکل ہے۔ (7 جمادی الاولیٰ 1436ھ 26 فروری 2015 خصوصی)

﴿34﴾ مُطالَعہ علمِ دین کی جان ہے۔ (8 جمادی الاولیٰ 1436ھ 27 فروری 2015)

﴿35﴾ بچوں کو بچپن سے جیب خرچی دینا شروع نہ کریں، گھر میں ہی کھانے کی چیزیں بنا کر دیا کریں۔ (9 جمادی الاولیٰ 1436ھ 28 فروری 2015)

﴿36﴾ بِگاڑ آسان ہے، مگر سُدھار مشکل ہے، عمارت بنانے میں بعض اوقات سالوں لگ جاتے ہیں مگر گِرانے میں بہت کم وقت لگتا ہے۔ (13 ذی القعدۃ 1436 مطابق 29 اگست 2015)



www.dawateislami.net

﴿37﴾ مساجد میں بے آواز(Sound Proof) جنریٹر لگانے کی ترکیب بنائی جائے، وہ پیٹرول پر چلے یا گیس پر، اس کی بدبو مسجد میں نہیں آنی چاہیے۔

(20 ذی القعدۃ 1436 مطابق 5 ستمبر 2015)

﴿38﴾ بغیر مِٹے کام نہیں ہو گا کہ دانہ خاک میں مِل کر گُلِ گُلزار ہوتا ہے۔

(10 جمادی الاولیٰ 1436ھ فرسٹ مارچ 2015)

﴿39﴾ اپنی گفتگو پر غور و فکر کیا کریں کہ میں نے کیا اور کیوں بولا؟

(11 جمادی الاولیٰ 1436ھ 2 مارچ 2015 خصوصی)

﴿40﴾ ایسا بولیں کہ سامنے والے کو آپ کے مزید بولنے کی خواہش ہو۔

(11 جمادی الاولیٰ 1436ھ 2 مارچ 2015 خصوصی)

﴿41﴾ سنجیدہ اور بااخلاق شخص کی بات ہر کوئی مانتا ہے۔

(11 جمادی الاولیٰ 1436ھ 2 مارچ 2015 خصوصی)

﴿42﴾ کِردار کی نیکی کی دعوت گُفتار کی نیکی کی دعوت سے زیادہ مُتاثِر کُن ہے۔

(12 جمادی الاولیٰ 1436ھ 3 مارچ 2015 خصوصی)

﴿43﴾ کسی شہر میں کوئی وَبا پھیل جائے تو آبادی کے باہر اذانیں دی جائیں اور صدقہ و خیرات کی کثرت کی جائے۔ (23 جمادی الاولیٰ 1436ھ 14 مارچ 2015)

﴿44﴾ ہمیں شریعت پر عمل کرنے کے لیے حساس طبیعت بنانی ہو گی۔

(15 جمادی الاخریٰ 1436ھ 4 اپریل 2015)

﴿45﴾ ہزاروں اچھے کام، ثواب کی نیت نہ کرنے کی وجہ سے محض مُباح ہوتے ہیں۔ (یعنی وہ کارِ ثواب نہیں بنتے) (15 جمادی الاخریٰ 1436ھ 4 اپریل 2015)

﴿46﴾ نماز سے پہلے وہ تمام چیزیں جو خشوع سے مانِع (یعنی رُکاوٹ) ہوں، انہیں دُور کریں۔

(15 جمادی الاخریٰ 1436ھ 4 اپریل 2015)

﴿47﴾ دُرود شریف اعمال کو پاک کرنے والا ہے۔ (فرسٹ ذی الحجہ 1436 مطابق 15 ستمبر 2015)



www.dawateislami.net

﴿48﴾ نیک اعمال پر استقامت کے لیے ابتداءً بِالجَبر نفس کو نیکیوں کی طرف گامزن کرنا پڑتا ہے۔(29 جمادی الاخریٰ 1436ھ 18 اپریل 2015)

﴿49﴾ ایمبولینس کی آواز اپنے اندر عبرت رکھتی ہے۔(29 جمادی الاخریٰ 1436ھ 18 اپریل 2015)

﴿50﴾ اپنے گھر میں دو چار جگہ "اللہ دیکھ رہا ہے" لکھ کر لگادیں۔ اس کی برکتیں خود دیکھ لیں گے۔(29 جمادی الاخریٰ 1436ھ 18 اپریل 2015)

﴿51﴾ اولاد کو نیک بنانے کا جذبہ اچھا ہے، مگر اس کے لئے بے جا جذباتی ہونا درست نہیں۔
(17 رمضان المبارک 1436، 5 جولائی 2015 بعد عصر)

﴿52﴾ ماں باپ کو چاہئے کہ وہ بچوں کو پیار اور حکمتِ عملی سے سمجھائیں، بات بات پر جھاڑنا، مارنا اور چیخ چیخ کر سمجھانا اُنہیں باغی بناسکتا ہے۔(13 رجب 1436 بمطابق 2 مئی 2015)

﴿53﴾ بچوں سے جھوٹ بولنے والے بُرے لوگ ہیں، اِن میں ستارۂ حماقت تقسیم کرنا چاہئے کہ وہ اپنے ہاتھوں سے بچوں کے اخلاق تباہ کرتے ہیں۔(13 رجب 1436 بمطابق 2 مئی 2015)

﴿54﴾ بچوں کو ڈرانا کہ "باؤ آگیا، جن کھا جائے گا، فقیر اُٹھا کر لے جائے گا، بوری والا پکڑ لے گا" وغیرہ جملے بولنے سے وہ بُزدِل ہو جائیں گے۔ بچوں کو بُز یعنی بکری کے دِل والا نہیں بلکہ شیر دِل (بہادُر) بنانا ہے۔(13 رجب 1436 بمطابق 2 مئی 2015)

﴿55﴾ تھکن اور بھوک میں غم کی خبر پر صدمہ زیادہ ہوتا ہے۔ اس حالت میں کسی کی وفات کی خبر دینے سے اِجتِناب کیا جائے۔(13 رجب 1436 بمطابق 2 مئی 2015)

﴿56﴾ مُبلِغ کے لیے علم، تَحَمُّل و برداشت، نرمی اور حکمتِ عملی ضروری ہے۔
(20 رجب 1436 بمطابق 9 مئی 2015)

﴿57﴾ قلم، علم سیکھنے کا آلہ ہے، اِس کا ادب کیا جائے۔(20 رجب 1436 بمطابق 9 مئی 2015)

﴿58﴾ مشورہ مشورہ ہی ہوتا ہے، آرڈر نہیں، اس لئے کوئی قبول نہ کرے تو ناراض نہیں



www.dawateislami.net

ہونا چاہیے۔(27رجب 1436 بمطابق 16 مئی 2015)

﴿59﴾ دِل ذِکرِ الٰہی سے غافل نہ ہو، اس کے لیے صحبتِ صالح (نیکوں کی صحبت) ضروری ہے۔ (10 شوال 1436 مطابق 26 جولائی 2015)

﴿60﴾ جو اپنے "اخلاص" پر مطمئن ہو جائے، اُسے اخلاص کی زیادہ ضرورت ہے۔ (5 شعبان 1436 بمطابق 23 مئی 2015)

﴿61﴾ مساجد امن اور نزولِ رحمت کی جگہیں ہیں۔(12 شعبان 1436 بمطابق 30 مئی 2015)

﴿62﴾ مہمان کا شوق سے کھانا کھانا، میزبان کو خوش کرتا ہے کہ میرا کھانا مہمان کو پسند آیا ہے۔(17 شعبان 1436 بمطابق 4 جون 2015)

﴿63﴾ بِن بُلائے کسی کی دعوت میں ہرگز نہیں جانا چاہیے، اگر کبھی ایسا ہوا ہو تو توبہ کے ساتھ ساتھ صاحبِ خانہ سے معاف بھی کرالیں۔(19 شعبان 1436 بمطابق 6 جون 2015)

﴿64﴾ آج کل لوگوں کی حِرص دیکھ کر لگتا ہے کہ خودداری فوت ہو چکی ہے۔ (19 شعبان 1436 بمطابق 6 جون 2015)

﴿65﴾ جب اذان ہو جائے تو سب کام کاج چھوڑ کر نماز کی طرف متوجہ ہو جایا کریں۔ (26 شعبان 1436 بمطابق 13 جون 2015)

﴿66﴾ نماز سے نہ بولو کہ مجھے کام ہے بلکہ کام سے کہو مجھے نماز پڑھنی ہے۔ (26 شعبان 1436 بمطابق 13 جون 2015)

﴿67﴾ حرام کے خلاف اعلانِ جنگ ہے "نہ حرام کھائیں گے نہ اپنے بچوں کو کھلائیں گے"۔ (26 شعبان 1436 بمطابق 13 جون 2015)

﴿68﴾ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ! دُنیا میں تو ہم مومِن ہیں، اگر اِیمان کی حالت میں مریں تو یہ بہت بڑی سعادت ہے۔(27 شعبان 1436 بمطابق 14 جون 2015)



www.dawateislami.net

﴿69﴾ نیک کام کرنے کیلئے نفس کو ماریں اور بتکلُّف نیک کام کرنے کی کوشش کریں۔
(27شعبان1436 بمطابق14جون2015)

﴿70﴾ مدینے شریف میں فوت ہونا سعادت کی بات ہے۔
(28شعبان1436 بمطابق15جون2015)

﴿71﴾ بچوں کی بھی دِل جوئی کی جائے۔(28شعبان1436 بمطابق15جون2015)

﴿72﴾ اگر ہم اپنی ذات سے کسی کو خوش نہیں کرسکتے تو کسی کا دل بھی نہ دُکھائیں۔
(28شعبان1436 بمطابق15جون2015)

﴿73﴾ کاش! ہم چہرہ چمکانے کے بجائے اپنا دل چمکانے کی کوشش میں مشغول ہوجائیں۔
(11 محرم1437ھ مطابق21اکتوبر2015)

﴿74﴾ آپ بوڑھے ہوں یا جوان، ہر عمر میں اسلام کی خدمت کی کوشش کریں۔
(2رمضان1436 بمطابق19جون2015 بعدِ ظہر)

﴿75﴾ سحری میں ہلکی غذا اور وہ بھی کم کھائیں، ثقیل (بھاری) غذائیں نہ کھائیں، صحت بہتر رہے گی۔(3رمضان1436 بمطابق20جون2015 بعد عشا)

﴿76﴾ چھالیہ کا کثرت سے استعمال نقصان دہ ہے۔(7ذی الحجہ1436 مطابق21ستمبر2015)

﴿77﴾ اللہ پاک کی رِضا کے لیے کم کھانا عبادت ہے۔
(3رمضان1436 بمطابق20جون2015 بعد عشا)

﴿78﴾ اپنے بچّوں اور بچّیوں کو اسلامی معلومات پر مشتمل سوالات اور ان کے جوابات یاد کروائیں۔(20جمادی الاولیٰ1438ھ 18فروری2017ء)

﴿79﴾ کسی نے کوئی کتاب امانت کے طور پر دی ہو تو اس کی اجازت کے بغیر کھول کر نہ دیکھیں۔(3رمضان1436 بمطابق20جون2015 بعد عصر)

﴿80﴾ دورانِ اذان کئی بار میرا یہ تصور بندھ جاتا ہے کہ گویا میں قبر میں ہوں اور میری قبر



www.dawateislami.net

پر اذان ہو رہی ہے۔(4رمضان1436 بمطابق21جون2015بعد عشا)

﴿81﴾ ٹُوٹی پُھوٹی قبریں دیکھنے سے عبرت حاصل ہوتی ہے۔
(فرسٹ محرم1437 مطابق15 اکتوبر2015)

﴿82﴾ دورانِ فون، لاؤڈ اسپیکر کھولنا ہو تو مُخاطَب سے اجازت لے لیں، شاید وہ ایسی بات کرنا چاہتا ہو جو آپ کے علاوہ کسی اور کو پتا نہ چلے۔(5رمضان1436 بمطابق22جون2015بعد عشا)

﴿83﴾ فون میں کال ریکارڈنگ سسٹم میں عبرت ہے کہ ہم ریکارڈنگ میں سنبھل سنبھل کر بات کرتے ہیں، مگر کِراماً کاتبین جو کہ ہر وقت ہمارے ساتھ ہیں، ان سے نہیں ڈرتے۔
(5رمضان1436 بمطابق22جون2015بعد عشا)

﴿84﴾ میری عادت ہے کہ میں بے حساب مغفِرت کی دُعا کرتا کرواتا ہوں، کیونکہ میں اپنے اندر حساب کی تاب نہیں پاتا۔(5رمضان1436 بمطابق22جون2015بعد عشا)

﴿85﴾ محض سُستی کی بنا پر بے جماعت نماز پڑھنا میری ڈکشنری میں نہیں۔
(5رمضان1436 بمطابق22جون2015بعد عشا)

﴿86﴾ جس کا دِل دینی ماحول میں گھبراتا ہے، اُس کی مثال ایسی ہی ہے جیسے مریض کو دوا اچھی نہیں لگتی۔(فرسٹ ربیع الاول1437ھ 13دسمبر2015ء)

﴿87﴾ جس کی عمامہ شریف باندھنے کی نیت ہو تو فوراً عمامہ باندھ لے، زندگی کا کوئی بھروسہ نہیں۔(5رمضان1436 بمطابق22جون2015بعد عشا)

﴿88﴾ سلیقہ مند اولاد، اپنے والدین کے سامنے بلند آواز سے بات نہیں کرتی بلکہ اُن کا ادب کرتی، ہاتھ پاؤں چومتی ہے۔(6رمضان1436 بمطابق23جون2015بعد عشا)

﴿89﴾ عالِمِ دین کا احترام کرنا مُستَحَب ہے۔(6رمضان1436 بمطابق23جون2015بعد عشا)

﴿90﴾ عبادت میں دل تنگ ہونا اچھی بات نہیں۔(6رمضان1436 بمطابق23جون2015بعد عشا)



www.dawateislami.net

﴿91﴾ دُنیوی مصروفیت اس طرح نہیں ہونی چاہیے کہ اللہ پاک کی عبادت اور دیگر فرائض میں کوتاہی ہو۔ (6 رمضان 1436 بمطابق 24 جون 2015 بعد عصر)

﴿92﴾ دوا سے پہلے بِسْمِ اللهِ الشَّافِي بِسْمِ اللهِ الْكَافِي پڑھنے کی عادت بنائیے، ان شاء اللہ الکریم شفا ہو گی۔ (7 رمضان 1436 بمطابق 25 جون 2015 بعد عصر)

﴿93﴾ جو صحت مند رہنا چاہتا ہے، وہ جوانی سے ہی عبادت پر قوت حاصل کرنے کی نیت سے زیادہ کھانے پینے سے پرہیز کرے۔ (9 رمضان 1436 بمطابق 26 جون 2015 بعد عشا)

﴿94﴾ جہاں تک ہو سکے دوا (Medicine) سے بچئے اور علاج بِالغِذا کی کوشش کیجئے۔

(10 رمضان 1436 بمطابق 27 جون 2015 بعد عشا)

﴿95﴾ اپنی غلطی کو ماننے کیلئے اَنَا (میں) کو فَنا کرنا ہو گا۔

(11 جمادی الاولیٰ 1436ھ 2 مارچ 2015 خصوصی)

﴿96﴾ اُستاذ کو اپنے طلباء کی نفسیات پَرَکھنا آنا چاہئے۔

(11 جمادی الاولیٰ 1436ھ 2 مارچ 2015 خصوصی)

﴿97﴾ مدنی مذاکرے میں شرکت کرتے رہیں گے تو ایسے ایسے مسائل معلوم ہوں گے، جو پہلے معلوم نہ تھے۔ (9 ذی الحجہ 1436 مطابق 23 ستمبر 2015)

﴿98﴾ ہر لکھنے والے کو اللہ پاک سے ڈرنا چاہئے کہ وہ کیا لکھ رہا ہے۔

(12 رمضان 1436 بمطابق 29 جون 2015 بعد عشا)

﴿99﴾ شادی میں اتنا کھانا پکوائیں کہ جو مکمل کھایا جا سکے اور ضائع نہ ہو، قیامت کو ذرّے ذرّے کا حساب ہو گا۔ (12 رمضان 1436 بمطابق 29 جون 2015 بعد عشا)

﴿100﴾ اخبارات میں مقدّس الفاظ لکھے ہوتے ہیں، لہٰذا ان کو نہ پھینکئے۔

(12 رمضان 1436 بمطابق 29 جون 2015 بعد عشا)

﴿101﴾ کوئی بھی شرعی مسئلہ یا تحریر اُس وقت تک عام نہ کریں، جب تک کسی مُستَند مُعتَبَر

عالِم دین سے چیک نہ کروالیں۔(12 رمضان 1436 بمطابق 29 جون 2015 بعد عشا)

﴿102﴾ دِین کا جتنا کام کرنا ہے جوانی میں کرلیں، عموماً بڑھاپے میں ہمت ساتھ نہیں دیتی۔
(13 رمضان 1436 بمطابق 30 جون 2015 بعد عشا)

﴿103﴾ اپنی راحت کے ساتھ دوسروں کی راحت کا بھی خیال رکھنا چاہئے۔
(13 رمضان 1436 بمطابق 30 جون 2015 بعد عشا)

﴿104﴾ حَتَّی الْاِمکان ہوائی جہاز کا سفر کرنا ہو تو ایسا وقت (Time) منتخب کیجئے کہ دورانِ سفر کوئی نماز نہ پڑھنی پڑے، کیونکہ جہاز میں نماز پڑھنے میں دُشواری ہوتی ہے۔
(13 رمضان 1436 بمطابق فرسٹ جولائی 2015 بعد عصر)

﴿105﴾ جو نابالغ بچے برداشت کرسکتے ہوں تو انہیں روزے رکھوائے جائیں۔
(13 رمضان 1436 بمطابق فرسٹ جولائی 2015 بعد عصر)

﴿106﴾ نیکی کے فضائل پر نظر کرنے اور عمر کی کمی میں غور کرنے سے نیکیوں میں مستقل مِزاجی حاصل ہوگی۔(14 رمضان 1436 بمطابق 2 جولائی 2015 بعد عشا)

﴿107﴾ گھر کا کوئی نام رکھنا اچھی بات ہے، میں جس گھر میں رہتا ہوں اس کا نام "بَیْتُ الْفَنا" رکھا ہے کہ ہر چیز کے لیے فنا ہے۔ (14 رمضان 1436 بمطابق 2 جولائی 2015 بعد عصر)

﴿108﴾ مسجد اللہ پاک کی رحمت کے نزول کی جگہ ہے، اس سے دل لگائیے اور یہاں وقت گزاریئے۔(4 محرم 1437 مطابق 18 اکتوبر 2015)

﴿109﴾ اسلام کو نقصان پہنچانے والا یا اسلام کے خلاف باتیں کرنے والا شیطان ہے۔
(15 رمضان 1436 بمطابق 3 جولائی 2015 بعد عشا)

﴿110﴾ نفسیاتی خوف نہیں ہونا چاہئے بلکہ اپنے اندر حقیقی خوفِ خدا پیدا کیجئے۔
(15 رمضان 1436 بمطابق 3 جولائی 2015 بعد عصر)

﴿111﴾ یہ کہنا درست نہیں کہ میں "فل پرہیزی" کرتا ہوں، کیونکہ کچھ نہ کچھ بدپرہیزی

تو ہو ہی جاتی ہے۔ (16 رمضان 1436 بمطابق 3 جولائی 2015 بعد عشا)

﴿112﴾ جس کو دیکھ کر قرآن پڑھنا نہیں آتا وہ پڑھا لکھا نہیں ہو سکتا، اگرچہ لوگ کہتے رہیں۔
(16 رمضان 1436 بمطابق 3 جولائی 2015 بعد عشا)

﴿113﴾ علمِ دین حاصل کرنا، اس پر عمل کرنا اور اس کی اشاعت کرنا سب صدقہ ہے۔
(16 رمضان 1436 بمطابق 3 جولائی 2015 بعد عشا)

﴿114﴾ رمضانُ المبارک، نیکیاں کرنے والوں اور جنت میں جانے والوں کا سیزن (Season) ہے۔ (16 رمضان 1436 بمطابق 4 جولائی 2015 بعد عصر)

﴿115﴾ کسی کے بُلانے پر جواب میں "لَبَّیْك" کہنا پیارا اور نرم جملہ ہے۔ اس کے کہنے سے محبت بڑھتی ہے، یہ سنّت بھی ہے، اس نیت سے کہیں گے تو ثواب ملے گا۔
(16 رمضان 1436 بمطابق 4 جولائی 2015 بعد عصر)

﴿116﴾ اپنی اولاد کو بھی بِلا ضرورت جھاڑنے اور دل آزاری کی اجازت نہیں۔ نرم لہجے سے سمجھا کر اولاد سے کام لینا چاہئے۔ (17 رمضان 1436 بمطابق 5 جولائی 2015 بعد عصر)

﴿117﴾ اپنی کوئی بھی تحریر، مُستَنَد عالِم سے تصدیق کروائے بغیر آگے نہ بھیجیں۔
(10 محرم الحرام، 1437 مطابق 21 اکتوبر 2015)

﴿118﴾ وسوسوں کی طرف توجہ نہ دینا بھی وسوسوں کا علاج ہے۔
(18 رمضان 1436 بمطابق 5 جولائی 2015 بعد عصر)

﴿119﴾ اپنے فوت شدگان کو خواب میں دیکھنے کی جدوجہد نہ کی جائے، اگر کسی ناپسندیدہ حال میں دیکھ لیا تو طویل صدمہ ہوگا، اگرچہ خواب شرعاً حجت نہیں۔
(19 رمضان 1436 بمطابق 7 جولائی 2015 بعد عصر)

﴿120﴾ خوفِ خدا کے حُصول کیلئے خائفین (اللہ پاک سے ڈرنے والوں) کی صحبت بہت ضروری ہے۔ (20 رمضان 1436 بمطابق 7 جولائی 2015 بعد عشا)



www.dawateislami.net

﴾121﴿ عیدُ الفطر یومِ تَشَکُّر ہے۔ ہمیں اس میں گناہوں سے بچتے ہوئے اللہ پاک کا شکر ادا کرنا چاہئے۔ (21 رمضان 1436 بمطابق 8 جولائی 2015 بعد عشا)

﴾122﴿ اپنے بچوں کے سامنے اس نیت سے اللہ اللہ کیا کریں کہ وہ بھی اللہ اللہ کرنے والے بن جائیں۔ (14 جمادی الاولیٰ 1438ھ 11 فروری 2017ء)

﴾123﴿ بچے کو کُند ذہن یا پڑھائی میں کمزور وغیرہ کہنا، اُسے مزید کُند ذہن بنا سکتا ہے۔ اس لیے ایسا کہنے سے اِجتِناب کیجئے۔ (22 رمضان 1436 بمطابق 10 جولائی 2015 بعد عصر)

﴾124﴿ نَفاسَت پسندی کا تقاضا یہ ہے کہ پیالہ یا گلاس وغیرہ اس طرح اٹھایا جائے کہ انگوٹھا اندر بلکہ کنارے پر بھی نہ آئے۔ پیندے کی جانب سے اُٹھایئے۔

(23 رمضان 1436 بمطابق 10 جولائی 2015 بعد عشا)

﴾125﴿ مرنے کے بعد ہر ایک تمنّا کرے گا کہ کاش! ایک پیسہ بھی بچا کر نہ رکھتا بلکہ خیرات کر دیتا۔ (23 رمضان 1436 بمطابق 11 جولائی 2015 بعد عصر)

﴾126﴿ دنیا کی تکلیفوں میں جہنّم کی تکلیفوں کی یاد ہے۔

(24 رمضان 1436 بمطابق 11 جولائی 2015 بعد عشا)

﴾127﴿ جتنا ہو سکے مصیبت کو چھپانا چاہئے۔ (24 رمضان 1436 بمطابق 11 جولائی 2015 بعد عشا)

﴾128﴿ مَرد، وہ نہیں جو مُعَاشرے کے پیچھے چلے بلکہ مرد وہ ہے جو معاشرے کو اپنے پیچھے چلائے۔ (24 رمضان 1436 بمطابق 12 جولائی 2015 بعد عصر)


﴾129﴿ اپنے اندر خوفِ خدا پیدا کرنے کیلئے اپنے آپ کو بے بس سمجھیں اور اللہ کی غالب قدرت کو یاد کیجئے۔ اللہ پاک کی خُفیہ تدبیر اور بُرے خاتمے کے خوف سے ڈرتے رہئے۔ (25 رمضان 1436 بمطابق 12 جولائی 2015 بعد عشا)

﴾130﴿ اپنے گھر میں کنز الایمان ضرور رکھئے۔ (8 ذی الحجہ 1436 مطابق 22 ستمبر 2015)



www.dawateislami.net

## اگلے ہفتے کا رسالہ





978-969-722-494-4

01082417

فیضانِ مدینہ محلہ سوداگران، پرانی سبزی منڈی کراچی

UAN +92 21 111 25 26 92 0313-1139278

www.maktabatulmadinah.com / www.dawateislami.net

feedback@maktabatulmadinah.com / ilmia@dawateislami.net